1008 ـ بالوں کو براؤن رنگ کرنا

سوال

کیا عورت کے لیے مہندی استعمال کیے بغیر بالوں کو براؤن رنگ کرنا جائز ہے ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

آپ کے لیے اپنے بال براؤن کرنے میں کوئی حرج نہیں، حتی کہ اگر اس میں مہندی نہ بھی استعمال کی جائے، صرف آپ کے لیے اپنے بالوں کو سیاہ کرنا ممنوع ہے، کیونکہ اس کی ممانعت نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے ثابت ہے.

آپ اس کی تفصیل دیکھنے کے لیے سوال نمبر (476) کے جواب کا مطالعہ ضرور کریں.

اور اسی طرح کفار سے مشابہت کرتے ہوئے اپنے بال رنگنا جائز نہیں، جس طرح بنکس فرقے کے لوگ اپنے بالوں کو مختلف قسم کے رنگ کرتے ہیں، اور ہر چٹیا کا علیحدہ رنگ ہوتا ہے.

اللہ تعالی سے ہم سلامتی و عافیت کے طلبگار ہیں.

واللہ اعلم .